FREEZE YOUR RENT

NYC Department of Finance

SCRIE 2019 بزرگ شہریوں کا کرایہ میں اضافے سے استثناء
تجدید کے لیے ہدایات

براہ کرم مکمل کریں لیکن اپنی درخواست کے ساتھ جمع نہ کروائیں

کیا آپ SCRIE کی تجدید کے لیے اہلیت رکھتے/رکھتی ہیں؟

براہ کرم مندرجہ ذیل سوالات کا جواب دیں:

کیا آپ ابھی تک اسی پتہ پر رہائش پذیر ہیں؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

کیا آپ کے گھرانے کی 2018 کی مجموعی آمدنی (جو آپ نے اور گھرانے کے دیگر تمام افراد نے وصول کی) قابل اجازت کٹوتیوں کے بعد 50,000$ یا کم ہے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

کیا آپ اپنی ماہانہ آمدنی کے تیسرے حصے سے زیادہ رقم کرایہ کی صورت میں ادا کرتے/کرتی ہیں؟ *(صرف اس صورت میں اطلاق ہوتا ہے، اگر آپ کا SCRIE بینیفٹ یکم جولائی 2015 کے بعد شروع ہوا ہو)* ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر آپ نے اوپری تمام سوالات کا جواب 'ہاں' میں دیا ہے تو براہ کرم تجدید کی درخواست پر کام جاری رکھیں۔

آپ کی تجدید کی درخواست لازمی طور پر بینیفٹ کی معیاد ختم ہونے کے چھ ماہ کے اندر جمع کروائی جانی چاہیئے۔ اگر آپ کو مزید وقت درکار ہے یا کسی مدد کی ضرورت ہے، تو دیگر آپشنز کے لیے اکثر پوچھے گئے سوالات (FAQs) ملاحظہ کریں۔

اگر آپ کو کسی معذوری کی بناء پر شعبۂ مالیات کی پیش کردہ کسی خدمت کے لیے درخواست دینے یا اس کی وصولی کے لیے، یا اس کے پیش کردہ کسی پروگرام میں شرکت کے لیے رہائش کی ضرورت ہے تو براہ کرم معذوری کی خدمت کے سہولت کار (Disability Service Facilitator) سے **nyc.gov/contactdofeeo** پر رابطہ کریں یا 311 پر کال کریں۔

مندرجہ ذیل کی عدم دستیابی کی صورت میں آپ کی درخواست پر کارروائی نہیں ہو سکتی:

- ✓ گھرانے کی آمدنی (سیکشن 3) کو لازماً پوری طرح مکمل کیا جانا چاہیئے۔
- ✓ تجدید کی درخواست پر دستخط لازمی ہیں (سیکشن 5)
- ✓ 2018 کے لیے آپ سمیت گھرانے کے تمام افراد کی آمدنی کا ثبوت۔ (مزید معلومات کے لیے صفحہ 7 پر چیک لسٹ ملاحظہ کریں۔)

کرایہ کے ضمن میں اضافی دستاویزات:

مستحکم شدہ کرایہ والا اپارٹمنٹ

- ✓ تجدید کی لیز جس پر آپ کے اور مکان مالک کے دستخط ہوں۔ اگر آپ کا مکان مالک آپ کو لیز فراہم کرنے میں ناکام رہا ہے (تجدید کی اس مدت کے لیے) تو آپ لیزکی جگہ، سرٹیفیکیشن آف نو رینوئل لیز (Certification of No Renewal Lease) فارم اور رہائش کا دوسرا ثبوت جمع کروا سکتے/سکتی ہیں، جیسے کہ کوئی موجودہ یوٹیلٹی بل۔ سرٹیفیکیشن آف نو رینوئل لیز کا فارم ہماری ویب سائٹ **nyc.gov/rentfreeze** پر دستیاب ہے یا آپ بذریعہ ڈاک اس کی ایک نقل حاصل کرنے کی درخواست کرنے کے لیے 311 پر کال کر سکتے/سکتی ہیں۔ نوٹ: *سرٹیفیکیشن آف نو رینوئل لیز کا فارم آپ کی مکمل کردہ تجدید کی درخواست کے علاوہ ہوتا ہے اور تجدید کی صرف ایک مدت کے لیے ہی استعمال کیا جا سکتا ہے۔* آپ کو مکان مالک سے لیز حاصل کرنے اور جمع کروانے کی پوری کوشش کرنی چاہیئے۔

پابند کردہ کرایہ والا اپارٹمنٹ

- ✓ اگر دستیاب ہوں، تو آپ کو 2018 اور 2019 کے لیے نوٹس آف میکسیمم کولیکٹ ایبل رینٹ فارم RN-26 اور 2018 اور 2019 کے لیے اونرز رپورٹ اور سرٹیفیکیشن آف فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ فارم RA33.10 لازمی طور پر جمع کروانے چاہیئں۔ اگر آپ کو یہ دونوں فارم ابھی موصول نہیں ہوئے تو اپنی تجدید کی درخواست کارروائی کے لیے اپنے گھرانے کی آمدنی کی معلومات کے ساتھ جمع کروائیں۔ اضافی فارم جب دستیاب ہو جائیں تو جمع کروا دیں۔

رینٹ ڈیمانڈ/مستحکم شدہ ہوٹل/SRO اپارٹمنٹ

- ✓ انتظامیہ/مالک کی جانب سے خط جس میں آپ کے سابقہ اور نئے کرایہ کی رقوم بتائی گئی ہوں۔

نوٹ: اگر کسی میجر کیپیٹل امپروومنٹ (MCI) کی وجہ سے آپ کے کرایہ میں اضافہ ہوا تو ڈویژن برائے ہاؤسنگ و کمیونٹی تجدید (DHCR) کی منظوری کا حکم نامہ فراہم کریں۔ اگر آپ کا کرایہ کسی دوسری وجہ سے بڑھا ہو، تو براہ کرم اپنے اور اپنے مکان مالک کے مابین معاہدے کی ایک نقل منسلک کریں۔

SCRIE کی تجدید کی درخواست کیسے مکمل کی جائے

جس تاریخ کو آپ درخواست مکمل کر رہے/رہی ہیں، وہ تاریخ اور پروانہ نمبر لکھیں۔ آپ کا پروانہ نمبر SCRIE کی جانب سے آپ کو بھیجے جانے والے کسی نوٹس پر تلاش کیا جا سکتا ہے۔

سیکشن 1: درخواست دہندہ کی معلومات

درخواست دہندہ کے لیے، پہلا اور آخری نام، تاریخ پیدائش، سوشل سیکیورٹی نمبر اور پورا پتہ فراہم کریں۔ اگر دستیاب ہوں تو بنیادی فون نمبر، سیل فون نمبر اور ای میل ایڈریس فراہم کریں۔

سیکشن 2: کرایہ دار کا نمائندہ

پرزور صلاح دی جاتی ہے کہ تمام درخواست دہندگان کرایہ دار کا ایک نمائندہ نامزد کریں۔ یہ شخص بنیادی درخواست دہندہ کو بھجوائے گئے تمام نوٹسوں کی نقول حاصل کر سکتا ہے۔ یہ جگہ کرایہ دار کے نمائندے کی رابطہ کی تفصیلات فرام کرنے یا ان میں تبدیلی کرنے کے لیے استعمال کریں۔

سیکشن 3: گھریلو آمدنی

آپ کو اپنی (درخواست دہندہ کی) اور اپنے گھرانے کے تمام افراد کی 2018 کی مجموعی سالانہ آمدنی لکھنا ہو گی

درخواست دہندہ کی آمدنی کی تکمیل

- گھرانے کے ہر فرد کی آمدنی کے تمام ذرائع کی نشان دہی کے لیے آمدنی کے چیک باکسز استعمال کریں۔ اگر قابل اطلاق ہو تو آمدنی کے دیگر ذرائع کی نشاندہی کریں۔
- آمدنی ورک شیٹ سے کل آمدنی فراہم کریں۔
- آمدنی ورک شیٹ سے کل قابل اطلاق کٹوتی فراہم کریں۔۔
- اگر آپ اس بات کی تصدیق کرنا چاہتے/چاہتی ہیں کہ آپ نے 2018 میں کوئی آمدنی وصول نہیں کی، تو دیئے گئے خانے کو نشان زد کریں اور ثبوت منسلک کریں، جیسے کہ، لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہیں، انٹرنل ریونیو سروس (IRS) کی جانب سے دستاویزات جو یہ بتاتی ہوں کہ 2018 میں ٹیکس ریٹرن فائل نہیں کئے گئے یا سوشل سیکیورٹی انتظامیہ (SSA) کی جانب سے ایک خط جو یہ بتاتا ہو کہ 2018 میں SSA بینیفٹس نہیں وصول کئے گئے۔

اب جبکہ آپ نے اپنی آمدنی کی معلومات مکمل کر لی ہیں، آپ کو گھرانے کے ہر فرد کے لیے آمدنی کا سیکشن مکمل کرنا ہو گا۔ اگر گھرانے کے دو سے زیادہ اضافی افراد آپ کے ساتھ رہائش پذیر ہوں، تو ایک علیحدہ پرچے پر ان کی معلومات درج کریں اور اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔ اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی 2018 کی آمدنی کا ثبوت منسلک کرنا مت بھولیں۔

گھرانے کی آمدنی کی تکمیل

- گھرانے کے فرد کا پہلا اور آخری نام لکھیں۔
- دی گئی جگہ میں تاریخ پیدائش، سوشل سیکیورٹی نمبر فراہم کریں۔
- گھرانے کے ہر فرد کا بنیادی درخواست دہندہ سے رشتہ بیان کریں، مثال کے طور پر شریک حیات، ماں/باپ، بیٹی/بیٹا،پوتی/پوتا، نواسی/نواسا۔
- گھرانے کے فرد کی آمدنی کے تمام ذرائع کی نشان دہی کے لیے آمدنی کے چیک باکسز استعمال کریں۔ اگر قابل اطلاق ہو تو آمدنی کے دیگر ذرائع کی نشاندہی کریں۔
- آمدنی ورک شیٹ سے کل آمدنی فراہم کریں۔
- آمدنی ورک شیٹ سے کل قابل اطلاق کٹوتی فراہم کریں۔۔
- اگر آپ اس بات کی تصدیق کرنا چاہتے/چاہتی ہیں کہ گھرانے کے فرد نے 2018 میں کوئی آمدنی وصول نہیں کی، تو دیئے گئے خانے کو نشان زد کریں اور ثبوت منسلک کریں، جیسے کہ، لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہیں، انٹرنل ریونیو سروس (IRS) کی جانب سے دستاویزات جو یہ بتاتی ہوں کہ 2018 میں ٹیکس ریٹرن فائل نہیں کئے گئے، کل وقتی طلب علم ہونے کی تصدیق یا سوشل سیکیورٹی انتظامیہ (SSA) کی جانب سے ایک بیان جو یہ بتاتا ہو کہ 2018 میں SSA بینیفٹس نہیں وصول کئے گئے۔

سیکشن 4: کرایہ کی معلومات

اپارٹمنٹ، جس میں آپ رہتے/رہتی ہیں، اس کی قسم بتائیں۔ اپنے اپارٹمنٹ کی قسم کی بنیاد پر طلب کردہ دستاویزات کی فہرست بنائیں اور اسے اپنی درخواست کے ساتھ شامل کریں۔

سیکشن 5: تصدیق

تصدیق کو پڑھنے کے بعد دی گئی جگہوں پر دستخط کریں، اپنا نام لکھیں اور تاریخ درج کریں۔

حتمی پڑتال اور حوالہ ڈاک کرنا

اپنی درخواست کا جائزہ لیں اور یقینی بنائیں کہ تمام سوالات کے جوابات دے دیئے گئے ہیں۔ اپنے لیے اور گھرانے کے تمام افراد کے لیے 2018 کی آمدنی کے تمام ثبوتوں کی ایک نقل فراہم کریں۔ اگر قابل اطلاق ہو تو سیکشن 4 میں طلب کردہ کوئی اضافی دستاویزات فراہم کریں۔

اپنی درخواست کو یہاں بھجوائیں:

New York City Department of Finance, SCRIE Unit
59 Maiden Lane, 22nd Floor
New York, NY 10038

آپ ذاتی طور پر بھی درخواست جمع کروا سکتے/سکتی ہیں:

SCRIE/DRIE Walk-In Center
66 John Street, 3rd Floor
New York, NY 10038
پیر سے جمعہ، صبح 8:30 سے شام 4:30

FREEZE YOUR RENT

OFFICE USE ONLY: ☐ APPROVED ☐ REVOKED ☐ PENDING

NYC Department of Finance

بزرگ شہریوں کا کرایہ میں اضافے سے استثناء تجدید کی درخواست

SCRIE 2019

براہ کرم یقینی بنائیں کہ بنیادی درخواست دہندہ نے درخواست کے آخری صفحے پر دستخط کئے ہوں۔

مکمل شدہ درخواست کو یہاں بھجوائیں:

New York City Department of Finance, SCRIE Unit, 59 Maiden Lane, 22nd Floor, New York, NY 10038

براہ کرم لکھیں

SCRIE پروانہ نمبر	تاریخ

1- درخواست دہندہ کی معلومات

نام (پہلا، آخری)		
سوشل سیکیورٹی نمبر	تاریخ پیدائش (mm/dd/yyyy)	
اپارٹمنٹ	اسٹریٹ ایڈریس	
زپ	ریاست	شہر
سیل فون نمبر ( ) —	ٹیلی فون نمبر ( ) —	
ای میل ایڈریس		

2- کرایہ دار کے نمائندے کی معلومات

اگر آپ نے پہلے کرایہ دار کا نمائندہ نامزد کیا تھا اور وہ معلومات تبدیل ہو چکی ہیں، تو براہ کرم نئی معلومات فراہم کریں۔ اگر آپ کا کوئی کرایہ دار کا نمائندہ نہیں تھا اور آپ اپنے نوٹسوں کی نقل کسی دوسرے شخص کو بھجوانا چاہتے/چاہتی ہیں، تو براہ کرم کوئی نمائندہ منتخب کریں اور درج ذیل مکمل کریں:

درخواست دہندہ سے رشتہ	نام (پہلا، آخری)	
ٹیلی فون نمبر ( ) —	تنظیم	
اپارٹمنٹ	اسٹریٹ ایڈریس	
زپ	ریاست	شہر
ای میل ایڈریس		

3- گھرانے کے افراد اور آمدنی

اپنے (درخواست دہندہ) لیے اور گھرانے کے ہر فرد کے لیے آگے آنے والا آمدنی کا سیکشن مکمل کریں۔ گھرانے کے تمام افراد کے لیے آمدنی کی تائیدی دستاویزات فراہم کی جانی چاہیئں۔ کل آمدنی کا شمار کرنے کے لیے گھرانے کی آمدنی ورک شیٹ (صفحات 8 اور 9) ملاحظہ کریں۔

اگر گھرانے کے دو سے زیادہ اضافی افراد آپ کے ساتھ رہائش پذیر ہوں، تو ایک علیحدہ پرچے پر ان کی معلومات درج کریں اور اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

درخواست دہندہ:

نام (پہلا، آخری)

آمدنی کے ذرائع

☐ اجرتیں ☐ سابقہ فوجیوں کے بینیفٹس ☐ سوشل سیکیورٹی انتظامیہ (SSA، SSDI، SSI)

☐ سود ☐ کارکنان کی اجرت ☐ IRA / سالانہ وظیفہ کی کمائی ☐ پینشن

☐ دیگر: ____________ ☐ عوامی امداد ☐ کیپیٹل گین

☐ اقامتی فرد (افراد) کی طرف سے آپ کو ادا کردہ کرایہ: ____________ ☐ کاروباری آمدنی

☐ 2018 میں میری کوئی آمدنی نہیں تھی	2018 کے لیے کل کٹوتیاں	2018 کی کل آمدنی

گھرانے کا فرد # 1:

نام (پہلا، آخری)

درخواست دہندہ سے رشتہ	سوشل سیکیورٹی نمبر	تاریخ پیدائش (mm/dd/yyyy)

آمدنی کے ذرائع

☐ اجرتیں ☐ سابقہ فوجیوں کے بینیفٹس ☐ سوشل سیکیورٹی انتظامیہ (SSA، SSDI، SSI)

☐ سود ☐ کارکنان کی اجرت ☐ IRA / سالانہ وظیفہ کی کمائی ☐ پینشن

☐ دیگر: ____________ ☐ عوامی امداد ☐ کیپیٹل گین

☐ کاروباری آمدنی

☐ 2018 میں گھرانے کے اس فرد کی کوئی آمدنی نہیں تھی	2018 کے لیے کل کٹوتیاں	2018 کی کل آمدنی

3- گھرانے کے افراد اور آمدنی (جاری ہے)

گھرانے کا فرد # 2:

نام (پہلا، آخری)		
درخواست دہندہ سے رشتہ	سوشل سیکیورٹی نمبر	تاریخ پیدائش (mm/dd/yyyy)

آمدنی کے ذرائع

- ☐ اجرتیں
- ☐ سابقہ فوجیوں کے بینیفٹس
- ☐ سوشل سیکیورٹی انتظامیہ (SSI ،SSDI ،SSA)
- ☐ سود
- ☐ کارکنان کی اجرت
- ☐ IRA / سالانہ وظیفہ کی کمائی
- ☐ پینشن
- ☐ دیگر: ____________
- ☐ عوامی امداد
- ☐ کیپیٹل گین
- ☐ کاروباری آمدنی

☐ 2018 میں گھرانے کے اس فرد کی کوئی آمدنی نہیں تھی	2018 کے لیے کل کٹوتیاں	2018 کی کل آمدنی

اگر گھرانے کے دو سے زیادہ افراد آپ کے ساتھ رہائش پذیر ہیں تو ایک علیحدہ پرچے پر ان کی معلومات فراہم کریں۔

4- کرایہ کی معلومات

آپ کا اپارٹمنٹ کون سی قسم کا ہے؟ (براہ کرم ایک کو نشان زد کریں)

اپارٹمنٹ کی قسم	دستاویزات جو جمع کروانا لازمی ہے
☐ مستحکم شدہ کرایہ والا	براہ کرم اپنی تجدید کی لیز، جس پر آپ کے اور مکان مالک کے دستخط ہوں، جمع کروائیں جو یہ بتاتی ہو کہ لیز کی مدت ایک سال ہے یا دو سال ہے۔
☐ پابند کردہ کرایہ والا	اگر دستیاب ہوں، تو 2018 اور 2019 کے لیے میکسیمم کولیکٹ ایبل رینٹ فارم RN-26 اور فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ (FCA) فارم RA33.10 کی نقول شامل کریں۔
☐ مستحکم شدہ ہوٹل/SRO/رینٹ ڈیمانڈ	انتظامیہ/مالک کی جانب سے اپنے کرایہ داری کے معاہدے کے خط کی ایک نقل شامل کریں جس میں آپ کے سابقہ اور نئے کرایہ کی رقوم بتائی گئی ہوں۔

نوٹ: اگر کسی میجر کیپیٹل امپروومنٹ (MCI) کی وجہ سے آپ کے کرایہ میں اضافہ ہوا تو ڈویژن برائے ہاؤسنگ و کمیونٹی تجدید (DHCR) کی منظوری کا حکم نامہ فراہم کریں۔ اگر آپ کا کرایہ کسی دوسری وجہ سے بڑھا ہو، تو براہ کرم اپنے اور اپنے مکان مالک کے مابین معاہدے کی ایک نقل منسلک کریں۔

5- تصدیق

براہ کرم درج ذیل تصدیق نامہ غور سے پڑھیں اور اس پر دستخط کریں۔ اگر آپ دستخط نہیں کرتے/کرتیں تو آپ کی درخواست نامکمل رہے گی۔

میں قانون میں مذکور سزاؤں کے تحت بذریعہ ہذا تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میں اس درخواست میں درج کردہ پتہ پر رہائش پذیر ہوں اور یہ کہ فراہم کردہ معلومات درست اور مکمل ہیں۔

میں سمجھتا/سمجھتی ہوں اور متفق ہوں کہ اگر میں گھرانے کے افراد کی تمام آمدنی، نیز اقامتی افراد کی جانب سے کرایہ کی مد میں مجھے ادا کی گئی رقوم، ظاہر کرنے میں ناکام رہوں تو مجھے بے جا طور پر وصول کردہ SCRIE بینیفٹس کی پوری رقم بمعہ سود کے، سٹی کو واپس کرنے کا ذمہ دار قرار دیا جائے۔

میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ میری آمدنی بذریعہ شعبۂ مالیات تصدیق کے تابع ہے۔

تاریخ	بنیادی درخواست دہندہ کے دستخط	بنیادی درخواست دہندہ کا نام لکھیں
تاریخ	پاور آف اٹارنی/عدالت کی جانب سے مقررکردہ سرپرست کے دستخط	پاور آف اٹارنی/عدالت کی جانب سے مقررکردہ سرپرست کا نام لکھیں

اگر بنیادی درخواست دہندہ کی جانب سے پاور آف اٹارنی/عدالت کی جانب سے مقررکردہ سرپرست درخواست پر دستخط کر رہا ہے، تو پاور آف اٹارنی یا کورٹ کی دستاویزات درکار ہیں۔

1974 کے وفاقی رازداری کے ترمیم شدہ ایکٹ کے تحت سوشل سیکورٹی نمبروں کی درخواست کرنے والی ایجنسیوں پر ان افراد کو مطلع کرنا لازم ہوتا ہے جن سے یہ معلومات مانگی جاتی ہیں کہ آیا درخواست کی تعمیل رضاکارانہ ہے یا لازمی، درخواست کیوں کی جا رہی ہے اور معلومات کو کیسے استعمال کیا جائے گا۔ درخواست دہندگان اور آمدنی کے حامل مکینوں کے لئے سوشل سیکیورٹی نمبروں کا ظاہر کرنا لازمی ہے اور نیویارک شہر کے انتظامی کوڈ کے سیکشن 11-102.1 کے تحت لازمی ہے۔ کسی بھی رپورٹس یا ریٹرنز میں ظاہر کئے جانے والے سوشل سیکیورٹی نمبروں کی ٹیکس کے انتظامی مقاصد کے لئے درخواست کی جاتی ہے اور انہیں رپورٹس پر کارروائی کو آسان بنانے اور ٹیکس دہندگان کی شناخت کے لئے، جو شعبۂ مالیات کی جانب سے لاگو اور وصول کئے جانے والے ٹیکسوں کے تابع ہیں یا ہو سکتے ہیں، ایک یکساں نظام قائم کرنے اور اسے برقرار رکھنے کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ سوشل سیکیورٹی نمبروں کو قانونی تقاضہ پورا کرنے کے لیے کسی دوسرے شعبے، شخص، ایجنسی یا ادارے کو ٹیکس گزار کے ریٹرن میں موجود معلومات کے حصے کے طور پر بھی ظاہر کیا جا سکتا ہے، یا اگر درخواست دہندہ یا آمدنی کے حامل مکینوں نے شعبۂ مالیات کو تحریری اجازت دی ہو۔

نوٹ: یہ درخواست صرف اسی صورت میں ہی استعمال کی جا سکتی ہے اگر 01/01/2019 اور 12/31/2019 کے درمیان جمع کروائی جائے۔

آپ کو تمام تائیدی دستاویزات بجھوانی چاہیئں، بصورت دیگر آپ کی درخواست پر کارروائی نہیں کی جا سکتی۔

اگر آپ کو معاونت کی ضرورت ہے یا آپ معذوری سے متعلق کسی تشویش کی وجہ سے درخواست یا دستاویزات جمع کروانے سے قاصر ہیں تو براہ کرم 311 پر کال کریں اور معذوری کی خدمت کے سہولت کار (Disability Service Facilitator) کے بارے میں پوچھیں۔

اگر آپ کے SCRIE/DRIE پروگرام اور اس کے لیے درخواست کیسے دی جائے، اس بارے میں عمومی سوالات ہیں، تو براہ کرم 311 پر کال کریں یا **nyc.gov/contactscrie** یا **nyc.gov/contactdrie** پر ہمیں پیغام بھیجیں۔

براہ کرم پڑھیں لیکن اپنی درخواست کے ساتھ جمع نہ کروائیں

کیا آپ نے ...

- ☐ اس بات کا یقین کرنے کے لئے درخواست کو چیک کیا کہ تمام سوالات کے جوابات دے دیئے گئے ہیں؟
- ☐ پچھلے صفحے پر تصدیق نامے کے سیکشن پر دستخط کئے اور تاریخ درج کی ہے؟
- ☐ اپنے سمیت، گھرانے کے تمام افراد کی 2018 کی آمدنی کا ثبوت شامل کیا ہے؟ آمدنی کے ثبوت میں یہ سب شامل ہیں، لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہے:
  - ✓ انکم ٹیکس ریٹرن
  - ✓ سوشل سیکیورٹی بینیفٹ کی اسٹیٹمنٹ
  - ✓ IRA / سالانہ وظیفہ کی اسٹیٹمنٹ، بشمول کمائی کی اسٹیٹمنٹ
  - ✓ پینشن کی اسٹیٹمنٹ
  - ✓ اقامتی فرد کی جانب سے کرایہ کی ادائیگیوں کا بتانے والا دستخط شدہ خط
  - ✓ 1099/W2 اسٹیٹمنٹ
  - ✓ عوامی امداد کے بجٹ کی اسٹیٹمنٹ
  - ✓ آپ کے گھرانے میں رہنے والے بےروزگار طالب علموں کی جانب سے طالب علم ہونے کی حیثیت کا خط
  - ✓ کسی دوست/خاندان کے فرد کی جانب سے دستخط شدہ خط، جس میں مالی معاونت کی رقم درج ہو
- ☐ درخواست کے سیکشن 4 میں بیان کردہ اپنے کرایہ کی دستاویزات کی ایک نقل حاصل کی ہے؟
- ☐ اگر قابل اطلاق ہو، تو کیا کسی میجر کیپیٹل امپروومنٹ (MCI) کے لیے DHCR کی منظوری کے حکم نامے کی یا اپارٹمنٹ میں کسی انفرادی بہتری کے معاہدے کی ایک نقل شامل کی ہے؟

اگر آپ کو معاونت کی ضرورت ہے یا آپ معذوری سے متعلق کسی تشویش کی وجہ سے درخواست یا دستاویزات جمع کروانے سے قاصر ہیں تو براہ کرم 311 پر کال کریں اور معذوری کی خدمت کے سہولت کار (Disability Service Facilitator) کے بارے میں پوچھیں۔ اگر آپ کے SCRIE/DRIE پروگرام اور اس کے لیے درخواست کیسے دی جائے، اس بارے میں عمومی سوالات ہیں، تو براہ کرم 311 پر کال کریں یا nyc.gov/contactscrie یا nyc.gov/contactdrie پر ہمیں پیغام بھیجیں۔

اپنی درخواست جمع کروائیں:

بذریعہ ڈاک:
New York City Department of Finance
SCRIE Unit
59 Maiden Lane, 22nd Floor
New York, NY 10038

ذاتی طور پر:
SCRIE/DRIE Walk-In Center
66 John Street, 3rd Floor
New York, NY 10038
پیر سے جمعہ، صبح 8:30 سے شام 4:30

نوٹ: یہ درخواست صرف اسی صورت میں ہی استعمال کی جا سکتی ہے اگر 01/01/2019 اور 12/31/2019 کے درمیان جمع کروائی جائے۔

آپ کو تمام تائیدی دستاویزات بجھوانی چاہیئں، بصورت دیگر آپ کی درخواست پر کارروائی نہیں کی جا سکتی۔

SCRIE/DRIE گھرانے کی آمدنی ورک شیٹ
(اپنے گھرانے کی آمدنی کا تخمینہ کیسے لگایا جائے)

براہ کرم منسلکہ آمدنی ورک شیٹ سے رجوع کریں۔ سابقہ سال کے لیے اپنے گھرانے کی مجموعی سالانہ آمدنی کا تعین کرنے کے لیے اس ورک شیٹ کو بطور ایک ٹول استعمال کریں۔ گھرانے کے ہر فرد کے لیے آمدنی کا سیکشن مکمل کریں۔ اگر گھرانے کے دو سے زیادہ اضافی افراد آپ کے ساتھ رہائش پذیر ہوں، تو ایک علیحدہ پرچے پر ان کی معلومات درج کریں اور اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

اس سے قبل کہ آپ شروعات کریں، آپ کو:

- اپنے لیے اور گھرانے کے تمام افراد کے لیے 2018 کی آمدنی کی تمام دستاویزات اکٹھی کرنی چاہیئیں۔
- موصول ہونے والی کل رقم آمدنی ورک شیٹ میں مطابقت رکھنے والی آمدنی کی قسم کے لیے مہیا کردہ خانوں میں درج کرنی چاہیئے۔

آمدنی کے ذرائع:

لائن 1 – سوشل سیکیورٹی بینیفٹس (SSA)

اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں سوشل سیکیورٹی انتظامیہ سے وصول کردہ ریٹائرمنٹ یا پسماندہ کے کسی بینیفٹس کی کل جملہ رقم درج کریں۔ *SSA Form 1099، IRS Form 1040 سے رجوع کریں۔ Medicare/Medicaid کے تحت طبی اخراجات کی باز ادائیگیاں شامل نہ کریں۔*

لائن 2 – سوشل سیکیورٹی معذوری کی انشورنس (SSDI)

اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے وصول کردہ سوشل سیکیورٹی معذوری کی آمدنی (SSDI) درج کریں۔ *2018 میں موصول شدہ بینیفٹس کے لیے بینیفٹس کے تمام ایوارڈ لیٹرز سے رجوع کریں۔*

لائن 3 – ضمنی سیکیورٹی انشورنس (SSI)

اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ ضمنی سیکیورٹی آمدنی (SSI) درج کریں۔ *2018 میں موصول شدہ بینیفٹس کے لیے بینیفٹس کے تمام ایوارڈ لیٹرز سے رجوع کریں۔*

لائن 4 – سابقہ فوجی معاملات (VA) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس

اپنے اور گھرانے کے ان تمام افراد کے لیے تمام بینیفٹس کی کل جملہ رقم درج کریں جنہوں نے ریاستہائے متحدہ ڈیپارٹمنٹ برائے سابقہ فوجی معاملات سے VA بینیفٹس وصول کئے۔ ڈیپارٹمنٹ برائے سابقہ فوجی معاملات سے موصول شدہ بینیفٹ کے تمام خطوط کی نقول جمع کروائیں جو یہ بتاتے ہوں کہ 2018 میں کتنی رقم وصول کی۔

لائن 5 – ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس (USPS) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس

اپنے اور گھرانے کے ان تمام افراد کے لیے تمام بینیفٹس کی کل جملہ رقم درج کریں جنہوں نے ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس سے USPS بینیفٹس وصول کئے۔ ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس سے موصول شدہ بینیفٹ کے تمام خطوط کی نقول جمع کروائیں جو یہ بتاتے ہوں کہ 2018 میں کتنی رقم وصول کی۔

لائن 6 – اجرتیں/تنخواہیں/ٹپس

اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ اجرتوں، تنخواہوں اور ٹپس کی کل رقم درج کریں۔ *W-2 خانہ 1، 1099-MISC خانہ 7، IRS Form 1040، NYS Form IT-201 سے رجوع کریں۔*

لائن 7 – پینشن

اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ اجرتوں، تنخواہوں اور ٹپس کی کل رقم درج کریں۔

لائن 8 – معذوری/کارکنان کے زر تلافی کی ادائیگیاں

اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ کارکنان کے زر تلافی کی کل رقم درج کریں۔ اپنی درخواست کے ساتھ اپنے ایوارڈ لیٹر کی ایک نقل جمع کروائیں۔

لائن 9 – قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس سود

اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس سود کی کل رقم درج کریں۔ *1099-INT خانہ 1، IRS Form 1040، NYS Form IT-201 سے رجوع کریں۔*

لائن 10 – عوامی امداد نقد ایوارڈ

اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ کسی نقد امداد کی کل جملہ رقم درج کریں۔ اپنی درخواست کے ساتھ نقد امداد وصول کرنے والے گھرانے کے تمام افراد کے لیے بجٹ کے خط کی نقول جمع کروائیں۔ SNAP/فوڈ اسٹیمپس آپ کے گھرانے کی آمدنی میں شامل نہیں کی جانی چاہیئں۔

لائن 11 – کاروباری آمدنی

اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں کاروباری ذرائع سے وصول کردہ خالص آمدنی درج کریں۔ *IRS Form 1040، NYS Form IT-201 سے رجوع کریں۔ کوئی نقصان شامل نہ کریں۔ خالص کاروباری آمدنی سے مراد جملہ وصولیاں منفی اخراجات ہے۔*

لائن 12 – کیپیٹل گین

اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ تمام کیپیٹل گین کی کل رقم درج کریں۔ *IRS Form 1040، NYS Form IT-201 سے رجوع کریں۔ کوئی نقصان شامل نہ کریں۔*

لائن 13 – IRA کی کمائی

اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ IRA کی کمائی کی کل رقم درج کریں۔ 2018 کے لیے اپنی اختتام سال کی کمائی کی اسٹیٹمنٹ کی ایک کاپی منسلک کریں۔ *تقسیم کی کل رقوم شامل نہ کریں۔ IRA رول اوور یا مبادلہ شامل نہ کریں۔*

لائن 14 – سالانہ وظائف کی کمائی

اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ سالانہ وظائف کی کمائی کی کل رقم درج کریں۔ 2018 کے لیے اپنی اختتام سال کی کمائی کی اسٹیٹمنٹ کی ایک کاپی منسلک کریں۔ *تقسیم کی کل رقوم شامل نہ کریں۔*

لائن 15 – دیگر تمام آمدنی

2018 میں وصول کردہ دیگر تمام آمدنی درج کریں۔ آمدنی کے دیگر ذرائع میں کرایہ سے آمدنی، اقامتی افراد سے وصول کردہ کرایہ، اسٹیٹس اور ٹرسٹس سے موصول شدہ آمدنی، نان نفقہ، بچے کے خرچ کی ادائیگیاں، جوئے میں جیتی رقوم، قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس ڈیویڈنڈز، قرض کی منسوخی اور کرایہ کے لیے اہل خانہ/دوستوں سے موصول شدہ مالی معاونت، شامل ہوتے ہیں (لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہیں)۔

لائن 16 – لائن 1 سے لائن 15 تک جمع کریں اور رقم درج کریں۔

قابل اطلاق کٹوتیاں

لائن 17 – وفاقی انکم ٹیکسز

(W-2 خانہ 2، -Form 1099وفاقی انکم ٹیکس ودہیلڈ [withheld] خانہ یا Form 1040)

لائن 18 – ریاستی انکم ٹیکسز

(W-2 خانہ 17، -Form 1099ریاستی ٹیکس ودہیلڈ [withheld] خانہ یا Form IT-201)

لائن 19 – مقامی انکم ٹیکسز

(W-2 خانہ 19 یا Form IT-201)

لائن 20 – سوشل سیکیورٹی ٹیکسز

(W-2 خانہ 4)

لائن 21 – لائن 17 سے لائن 20 تک جمع کریں اور رقم درج کریں۔

گھرانے کی کل آمدنی

لائن 22 – لائن 16 سے لائن 21 منفی کریں اور رقم درج کریں۔

گھرانے کی آمدنی ورک شیٹ

	موصول ہونے والی آمدنی کے ذرائع	درخواست دہندہ	گھرانے کا فرد # 1	گھرانے کا فرد #2	مجموعے
1	سوشل سیکیورٹی بینیفٹس (SSA) *(SSA-1099 خانہ 5، IRS Form 1040)*	$	$	$	$
2	سوشل سیکیورٹی معذوری کی انشورنس (SSDI) *(SSDI بینیفٹ کی اسٹیٹمنٹ)*	$	$	$	$
3	ضمنی سیکیورٹی انشورنس (SSI) *(SSI بینیفٹ کی اسٹیٹمنٹ)*	$	$	$	$
4	سابقہ فوجی معاملات (VA) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس *(بینیفٹ کی سالانہ اسٹیٹمنٹ)*	$	$	$	$
5	ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس (USPS) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس *(بینیفٹ کی سالانہ اسٹیٹمنٹ)*	$	$	$	$
6	اجرتیں/تنخواہیں/ٹپس *(W-2 خانہ 1، 1099-MISC خانہ 7، NYS Form IT-201، IRS Form 1040)*	$	$	$	$
7	پینشن *(1099R خانہ 1، پینشن اسٹیٹمنٹ سے کل سالانہ پینشن، IRS Form 1040)*	$	$	$	$
8	معذوری/کارکنان کے زر تلافی کی ادائیگیاں *(ایوارڈ لیٹر منسلک کریں)*	$	$	$	$
9	قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس سود *(1099-INT خانہ 1، IRS Form 1040)*	$	$	$	$
10	عوامی امداد نقد ایوارڈ *(PA بجٹ کا خط)*	$	$	$	$
11	کاروباری آمدنی *(IRS Form 1040 — کوئی نقصان شامل نہ کریں، NYS Form IT-201)*	$	$	$	$
12	کیپیٹل گین *(NYS Form IT-201، IRS Form 1040 — کوئی نقصان شامل نہ کریں)*	$	$	$	$
13	IRA کی کمائی *(کمائی کی اختتام سال کی اسٹیٹمنٹ— اپنی تقسیم کی رقم شامل نہ کریں)*	$	$	$	$
14	سالانہ وظائف کی کمائی *(کمائی کی اختتام سال کی اسٹیٹمنٹ— اپنی تقسیم کی رقم شامل نہ کریں)*	$	$	$	$
15	دیگر تمام آمدنی *(آمدنی کے ذرائع کی فہرست کے لیے FAQ رہنما سے رجوع کریں)*	$	$	$	$
16	**آمدنی کا مجموعہ (1 سے 15 تک لائنوں کو جمع کریں)** +	$	$	$	$
	قابل اطلاق کٹوتیاں				
17	وفاقی انکم ٹیکسز *(W-2 خانہ 2، -Form 1099وفاقی انکم ٹیکس ودہیلڈ [withheld] خانہ یا Form 1040)*	$	$	$	$
18	ریاستی انکم ٹیکسز *(W-2 خانہ 17، -Form 1099ریاستی ٹیکس ودہیلڈ [withheld] خانہ یا Form IT-201)*	$	$	$	$
19	مقامی انکم ٹیکسز *(W-2 خانہ 19 یا Form IT-201)*	$	$	$	$
20	سوشل سیکیورٹی ٹیکسز *(W-2 خانہ 4)*	$	$	$	$
21	**کٹوتیوں کا مجموعہ (17 سے 20 تک لائنوں کو جمع کریں)** +	$	$	$	$
22	**کل آمدنی (لائن 16 منفی لائن 21)** −	$	$	$	$

یہ سیکشن صرف اسی صورت میں مکمل کریں، اگر آپ کا بینیفٹ 1 جولائی 2015 کے بعد شروع ہوا تھا۔

آپ کی ماہانہ آمدنی کا تیسرا حصہ کتنا بنتا ہے؟

لائن 22 سے مجموعی رقم لیں: اور اس رقم کو 36 سے تقسیم (÷) کریں =	$

کیا یہ رقم موجودہ کرایہ سے زیادہ ہے جو آپ ادا کر رہے/رہی ہیں؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر ہاں، تو شاید آپ اہل نہ ہوں۔ تاہم، آپ درخواست بھرنا جاری رکھ سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ کی درخواست پر انکار ہو جاتا ہے، تو آپ اگلے سال دوبارہ درخواست دے سکتے/سکتی ہیں۔

اکثر پوچھے جانے والے سوالات

1- کرایہ منجمد کرنے کا پروگرام کیا ہے؟

کرایہ منجمد کرنے کے پروگرام سے مراد بزرگ شہریوں کا کرایہ میں اضافے سے استثناء (SCRIE) اور معذوریوں کے حامل افراد کا کرایہ میں اضافہ سے استثناء (DRIE) کے پروگرام ہیں۔

2- آمدنی کے تیسرے حصے سے اہلیت کی جانچ کیا ہے اور یہ میرے SCRIE بینیفٹ پر کس طرح اثرانداز ہو سکتی ہے؟

اگر آپ نے 1 جولائی 2015 سے قبل درخواست دی تھی اور آپ کی SCRIE پروگرام کے لیے بطور نیا درخواست دہندہ منظوری ہو گئی تھی، تو آپ کی تجدید کی درخواست آمدنی کے تیسرے حصے سے اہلیت کی جانچ کے تابع ہوتی ہے۔ شعبۂ مالیات آپ کی اور گھرانے کے تمام افراد کی سالانہ آمدنی کو جمع کرے گا اور اس رقم کو 36 سے تقسیم کرے گا۔ اس کا نتیجہ آپ کے گھرانے کی ماہانہ آمدنی کا تیسرا حصہ ہو گا۔ پھر ہم آپ کے گھرانے کی ماہانہ آمدنی کے تیسرے حصے کا آپ کی تجدید کی لیز پر آپ کے نئے کرایہ سے نیز آپ کے منجمد شدہ کرایہ سے موازنہ کریں گے۔ اگر آپ کے گھرانے کی ماہانہ آمدنی کا تیسرا حصہ آپ کے نئے کرایہ سے زیادہ ہے تو آپ SCRIE بینیفٹ کے لیے مزید اہل نہیں رہیں گے/گی۔ اگر آپ کے گھرانے کی ماہانہ آمدنی کا تیسرا حصہ آپ کے نئے کرایہ سے کم ہے لیکن آپ کے منجمد شدہ کرایہ سے زیادہ ہے، تو ہم آپ کے منجمد شدہ کرایہ کو بڑھا کر آپ کے گھرانے کی ماہانہ آمدنی کے تیسرے حصے کے برابر کر دیں گے۔

اگر آپ 1 جولائی 2015 کو یا اس سے پہلے SCRIE میں داخل ہوئے/ہوئیں، تو آپ کی تجدید کی درخواست آمدنی کے تیسرے حصے سے اہلیت کی جانچ کے تابع نہیں ہو گی۔

3- مجھے اپنے بینیفٹ کی تجدید کب کروانا ہوتی ہے؟

SCRIE کے تمام وصول کنندگان کو ہر سال یا ایک سال چھوڑ کر اپنی تجدید کی درخواست جمع کروانا ہوتی ہے۔ آپ کے منظوری کے حکم نامے پر ہمیشہ بینیفٹ کی مدت درج ہو گی۔ SCRIE کے وصول کنندہ کے بینیفٹ کی معیاد ختم ہونے سے تقریباً 60 دن قبل تجدید کی درخواستیں بذریعہ ڈاک بھجوائی جاتی ہیں۔ اگر کسی وجہ سے آپ کو تجدید کی درخواست بذریعہ ڈاک موصول نہ ہو، تو تجدید کی درخواستیں **nyc.gov/rentfreeze** پر دستیاب ہیں یا 311 پر کال کر کے دوبارہ بذریعہ ڈاک بھیجنے کی درخواست کی جا سکتی ہے۔

4- اگر بینیفٹ کا بنیادی وصول کنندہ اپارٹمنٹ چھوڑ جائے تو کیا ہوتا ہے؟

اگر بینیفٹ کا بنیادی وصول کنندہ کسی دوسرے منضبط کردہ کرایہ والے اپارٹمنٹ میں منتقل ہو جاتا ہے، تو بینیفٹ کے بنیادی وصول کنندہ کو اپنا استثناء نئے اپارٹمنٹ کو منتقل کروانے کے لیے اپارٹمنٹ بینیفٹ ٹرانسفر کی درخواست دینا ہو گی۔

5- میں ایک مستحکم شدہ کرایہ والے اپارٹمنٹ میں رہتا/رہتی ہوں۔ اگر میں اپنی لیز پر درج کردہ قانونی کرایہ سے کم کرایہ ادا کروں، تو کیا ہو گا؟ اور میرے منجمد شدہ کرایہ کا شمار کیسے کیا جاتا ہے؟

اگر آپ کا اپنے مکان مالک کے ساتھ ترجیحی کرایہ کا معاہدہ ہے، تو آپ کا ادا کردہ کرایہ آپ کے منجمد شدہ کرایہ کی رقم سے کم ہو سکتا ہے۔ جب تک آپ کا اپنے مکان مالک کے ساتھ ترجیحی کرایہ کا معاہدہ ہے، آپ کم رقم کی ادائیگی کرنا جاری رکھ سکتے/سکتی ہیں۔

ہم عمومی طور پر آپ کا کرایہ قانونی کرایہ کی رقم پر منجمد کرتے ہیں، لیکن اس میں درج ذیل استثنات ہیں:

i) اگر آپ کی لیز کے ہمراہ ایک ترجیحی کرایہ لیز رائیڈر ہے جو واضح طور پر بتاتا ہے کہ کم کرایہ آپ کی کرایہ داری کی پوری مدت کے لیے نافذ رہے گا، تو آپ کا کرایہ سابقہ ترجیحی کرایہ کی رقم یا آپ کی ماہانہ آمدنی کے تیسرے حصے پر منجمد کر دیا جائے گا، ان میں سے جو بھی زیادہ ہو۔

ii) اگر آپ ایک کم آمدنی ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹ (LIHTC) یونٹ میں رہتے/رہتی ہیں اور آپ ایک LIHTC رینٹ رائیڈر مہیا کرتے/کرتی ہیں، تو آپ کا کرایہ آپ کی سابقہ LIHTC کرایہ کی رقم یا آپ کی ماہانہ آمدنی کے تیسرے حصے پر منجمد کر دیا جائے گا، ان میں سے جو بھی زیادہ ہو۔

6- کرایہ منجمد کرنے کے پروگرام کے مقصد کے لیے، کس کو گھرانے کا فرد سمجھا جاتا ہے؟

بنیادی درخواست دہندہ اور دوسرا کوئی بھی شخص جو مستقل طور پر اپارٹمنٹ میں رہتا ہو، اسے گھرانے کا فرد سمجھا جاتا ہے۔ ایک حقیقی کرایہ دار، اقامتی فرد یا ذیلی کرایہ دار جس کا گھرانے کے سربراہ سے کوئی رشتہ نہ ہو، اسے گھرانے کا فرد نہیں سمجھا جاتا۔ آپ کو درخواست پر گھرانے کے تمام افراد درج کرنا ہوں گے اور ان کی سابقہ سال کی آمدنی ظاہر کرنا ہو گی (آپ جب اپنی درخواست جمع کروا رہے ہیں تو اس سے پہلے والا سال)۔ اگر گھرانے کے کسی فرد کی سابقہ سال میں کوئی آمدنی نہیں تھی، تو آپ کو یہ درخواست میں بتانا ہو گا اور کوئی آمدنی نہ ہونے کا ثبوت جمع کروانا ہو گا۔ *براہ کرم نوٹ کریں کہ کسی سابقہ درخواست میں درج کردہ گھرانے کے افراد بینیفٹ کا وارث بننے کی درخواست دے سکتے ہیں۔*

7- کس کو گھرانے کا فرد نہیں سمجھا جاتا ہے؟

اقامتی افراد جن کے ساتھ آپ کا کرایہ داری کا معاہدہ ہوتا ہے اور جو آپ کو کرایہ ادا کرتے ہیں، انہیں گھرانے کے افراد نہیں سمجھا جاتا ہے۔ اہل خانہ کو اقامتی افراد نہیں سمجھا جاتا ہے۔ نوٹ: *اقامتی افراد آپ کے بعد بینیفٹ کے وارث نہیں بن سکتے۔* آپ کو اپنی درخواست پر اقامتی افراد کا اندراج نہیں کرنا ہوتا؛ تاہم آپ کو اقامتی فرد کی جانب سے ایک خط جمع کروا کر، جو یہ بتاتا ہو کہ وہ آپ کو ماہانہ کتنی رقم ادا کرتا ہے، وصول ہونے والے کرایہ کی رقم ظاہر کرنا ہو گی۔ *اقامتی فرد کی جانب سے وصول کی جانے والی آمدنی کی معلومات جمع نہ کروائیں۔*

8- اگر میں بذات خود درخواست پر دستخط کرنے سے قاصر ہوں تو کیا ہو گا؟

ایک مستند پاور آف اٹارنی (POA) کا حامل شخص یا عدالت کا مقررکردہ سرپرست مرکزی درخواست دہندہ کی جانب سے دستاویزات پر دستخط کر سکتا ہے۔ براہ کرم درخواست کے ساتھ پاور آف اٹارنی مختار نامہ یا عدالت کا حکم نامہ جمع کروائیں تاکہ SCRIE معلومات فائل میں محفوظ رکھ سکے اور یقینی بنا سکے کہ SCRIE کی تمام خط و کتابت کی نقول POA یا سرپرست کو بھیجی جائیں۔

9- قابل اطلاق کٹوتیاں کون سی ہیں؟

وفاقی، ریاستی، سٹی کے اور سوشل سیکیورٹی ٹیکسز قابل اطلاق کٹوتیاں ہیں۔ آپ 2018 میں اپنے ودہیلڈ (withheld) ٹیکسز یا کل تخمینہ شدہ ٹیکسز میں سے زیادہ کا انتخاب کر سکتے/سکتی ہیں۔ نوٹ فرمائیں کہ Medicare کی ادائیگیاں قابل اطلاق کٹوتی نہیں ہوتی ہیں۔

10- آمدنی میں کیا کچھ شامل ہے، جو مجھے اہلیت کے تعین کے لیے بتانا ہو گا؟

ذیل میں آمدنی کے ذرائع کی ایک فہرست دی گئی ہے جنہیں SCRIE پروگرام زیر غور لاتا ہے۔ اگر آپ اور آپ کے گھرانے کے افراد ان میں سے کسی ذریعے سے کوئی آمدنی وصول کرتے ہیں، تو آپ کو یہ معلومات درخواست کے ساتھ فراہم کردہ آمدنی ورک شیٹ میں درج کرنا ہوں گی اور مطلوبہ دستاویزی ثبوت، جیسا کہ بتایا گیا ہے، ساتھ منسلک کرنا ہو گا۔

– سوشل سیکیورٹی (SSDI ،SSI ،SSA)
(SSA-1099 کی نقل یا SSI بینیفٹ کے ایوارڈ لیٹر کا پرنٹ آؤٹ منسلک کریں)

– اجرتیں/تنخواہیں/ٹپس
(W-2 بشمول خود روزگار منسلک کریں)

– کاروباری آمدنی
(شیڈول C، S-Corp ٹیکس ریٹرن K-1 کے ساتھ یا شراکت ٹیکس ریٹرن منسلک کریں)

– قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس سود
(تمام 1099-INT اور غیر قابل ٹیکس سود کے لیے اختتام سال کی اسٹیٹمنٹس منسلک کریں)

– قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس ڈیویڈنڈز
(تمام 1099-DIV اور غیر قابل ٹیکس ڈیویڈنڈز کے لیے اختتام سال کی اسٹیٹمنٹس منسلک کریں)

– IRA کی کمائی
(کمائی کردہ سود، ڈیویڈنڈز یا کیپیٹل گین کی نقل منسلک کریں)۔ اپنی تقسیم کی رقم شامل نہ کریں۔

– پینشن، سالانہ وظائف اور ریٹائرمنٹ کے منصوبہ جات
(1099R اسٹیٹمنٹس منسلک کریں اور قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس پینشنز شامل کریں)

– سابقہ فوجی معاملات (VA) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس
(بینیفٹ کی سالانہ اسٹیٹمنٹ منسلک کریں)

– ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس (USPS) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس
(بینیفٹ کی سالانہ اسٹیٹمنٹ منسلک کریں)

– کیپیٹل گین
(مالیاتی اداروں کی جانب سے کیپیٹل گین کی اسٹیٹمنٹس شامل کریں)۔

– کرایہ سے آمدنی
(تمام پراپرٹیز سے موصول شدہ)

– اقامتی فرد سے وصول کردہ کرایہ

– کرایہ میں معاونت (امدادی رقم)

– معذوری/کارکنان کے زر تلافی کی ادائیگیاں / بیروزگاری بیمے کے بینیفٹس
(ایوارڈ لیٹر منسلک کریں)

– اسٹیٹس اور ٹرسٹس سے موصول شدہ آمدنی
(اسٹیٹ یا ٹرسٹ کا انکم ٹیکس ریٹرن منسلک کریں)

– نان نفقہ اور/یا بچے کے خرچ کی ادائیگیاں جو آپ کو موصول ہوئیں
(عدالتی حکم نامہ منسلک کریں)

– کرایہ کے لیے اہل خانہ اور/یا دوستوں سے موصول شدہ رقم
(ایک خط منسلک کریں جو یہ بتاتا ہو کہ آپ نے کس سے رقم وصول کی ہے اور کتنی وصول کی ہے)

– جوئے/لاٹری میں جیتی ہوئی رقوم *(1099-MISC منسلک کریں)*

– عوامی امداد اور/یا آمدنی کے دیگر ذرائع
(ثبوت منسلک کریں)

– قرض کی منسوخی

11- اہلیت کے تعین کے وقت کون سی آمدنی مستثنیٰ سمجھی جاتی ہے جس کا بتانے کی آپ کو ضرورت نہیں ہوتی ہے؟

- نقدی کی صورت میں تحائف
- ترکہ
- خود کو پہنچنے والی چوٹ کے مقدمے کے فیصلہ سے ملا ہرجانہ
- توانائی میں معاونت کی ادائیگیاں
- انکم ٹیکس کی بازادائیگیاں
- IRA رول اوورز (ریٹائرمنٹ کے دیگر اکاؤنٹس میں رول اوور میں IRAs)
- غذائی امداد کے ضمنی پروگرام (SNAP) کے بینیفٹس، جسے پہلے فوڈ اسٹیمپ پروگرام کہا جاتا تھا

12- اگر آپ کی یا آپ کے گھرانے کے کسی فرد کی سابقہ سال میں کوئی آمدنی نہیں تھی، تو کیا ہو گا؟

ذیل میں ان دستاویزات کی ایک فہرست دی گئی ہے، جو آپ کے یہ بتانے پر کہ آپ کی اور/یا آپ کے گھرانے کے کسی فرد کی سابقہ تقویمی سال میں کوئی آمدنی نہیں تھی، ہمارے لیے قابل قبول ہوں گی:

- ✓ IRS کے نان فائلنگ خط کی تصدیق یا
- ✓ کل وقتی طالب علم ہونے کا تصدیقی خط یا
- ✓ سوشل سیکیورٹی انتظامیہ کی جانب سے ایک خط جو یہ بتاتا ہو کہ آپ نے 2018 کے دوران بینیفٹس وصول نہیں کئے

13- اگر میں اپنے بینیفٹ یا درخواست کے طریقہ کار کے متعلق کوئی سوالات پوچھنا چاہوں تو کس سے رابطہ کر سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ کو کمپیوٹر تک رسائی حاصل ہے تو آپ SCRIE کے متعلق سوالات کے لیے شعبۂ مالیات کی ویب سائٹ **nyc.gov/contactscrie** ملاحظہ کر کے اپنا سوال جمع کروا سکتے/سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ، آپ 311 پر کال کر سکتے/سکتی ہیں یا ہمارے مذکورہ ذیل واک ان سنٹر میں تشریف لا سکتے/سکتی ہیں:

66 John Street, 3rd Floor
New York, NY, 10038
اوقات کار: پیر سے جمعہ صبح 8:30 سے شام 4:30

اگر آپ کو معاونت کی ضرورت ہے یا آپ معذوری سے متعلق کسی تشویش کی وجہ سے درخواست یا دستاویزات جمع کروانے سے قاصر ہیں تو براہ کرم 311 پر کال کریں اور معذوری کی خدمت کے سہولت کار (Disability Service Facilitator) کے بارے میں پوچھیں۔ اگر آپ کے SCRIE/DRIE پروگرام اور اس کے لیے درخواست کیسے دی جائے، اس بارے میں عمومی سوالات ہیں، تو براہ کرم 311 پر کال کریں یا **nyc.gov/contactscrie** یا **nyc.gov/contactdrie** پر ہمیں پیغام بھیجیں۔

14- اگر میری درخواست یا بینیفٹ کے متعلق جو فیصلہ کیا گیا، مجھے اس کی سمجھ نہیں آ رہی تو میں کس سے رابطہ کروں؟

کرایہ منجمد کرنے کے پروگرام کے تمام درخواست دہندگان جنہیں استثناء کی منظوری، انکار یا منسوخی کا باضابطہ نوٹس ملا ہے، انہیں اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ اپنی SCRIE/DRIE درخواست اور بینیفٹ سے متعلقہ تشاویش کے حل کے لیے مدد حاصل کریں۔ آپ کی طرف سے درخواست کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد SCRIE/DRIE محتسب آپ کی درخواست یا بینیفٹ سے متعلقہ مسائل کی شناخت اور انہیں حل کر سکتا ہے۔ آپ DOF کی ویب سائٹ ملاحظہ کر کے **nyc.gov/contactscrieombuds** پر SCRIE سے متعلق مدد یا **nyc.gov/contactdrieombuds** پر DRIE سے متعلقہ مدد کے لیے ان سے رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں۔

15- اگر میں اپنی تجدید کی درخواست داخل کرنے کی چھ ماہ کی مقررہ تاریخ سے یا کرایہ منجمد کرنے کے پروگرام (RFP) کی کسی دیگر مقررہ تاریخ سے رہ جاؤں تو میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟

اگر کسی معذوری یا جسمانی یا ذہنی خلل کے باعث آپ کو اپنی درخواست جمع کروانے یا کسی اور حتمی تاریخ پر پورا اترنے کے لیے مزید وقت درکار ہے، تو آپ اضافی وقت کی درخواست کر سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے یا کسی معذوری یا اضافی وقت کی درخواست کرنے کی بابت آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو 311 پر کال کریں اور شعبۂ مالیات کے معذوری کی خدمت کے سہولت کار (Disability Service Facilitator) کے بارے میں پوچھیں؛ **nyc.gov/contactdofeeo**سے رابطہ کریں؛ یا پیر سے جمعہ، صبح 8:30 بجے سے شام 4:30 بجے کے درمیان 66 John Street, 3rd Floor, New York, N.Y. پر واقع ہمارے دفتر میں تشریف لائیں۔

چاہے آپ کسی معذوری یا جسمانی یا ذہنی خلل کا شکار نہیں بھی ہیں، پھر بھی اگر آپ اپنی درخواست جمع کروانے کے عرصے کے دوران غیر معمولی حالات کی وجہ درخواست جمع کروانے کی مقررہ تاریخ سے رہ گئے تھے/گئی تھیں اور آپ کی بینیفٹ کی معیاد ختم ہوئے 12 ماہ سے کم عرصہ ہوا ہے، تو آپ اہل ہو سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ کسی عارضی طبی حالت کی وجہ سے ہسپتال میں داخل رہے/رہی ہیں، یا آگ، سیلاب، کسی قدرتی آفت یا دیگر غیر معمولی حالات کے رونما ہونے کی وجہ سے آپ کے اپارٹمنٹ کو نقصان پہنچا ہے، تو آپ اپنی درخواست کے ساتھ اپنے دعوے کی تائید میں کسی دستاویزات کے ہمراہ ان مخصوص حالات کے بارے میں ایک بیان جمع کروا سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم 311 پر کال کریں اور SCRIE/DRIE یونٹ کے بارے میں پوچھیں، یا **nyc.gov/contactscrie** یا **nyc.gov/contactdrie** ملاحظہ کریں۔

16- اگر میری آمدنی مستقل طور پر کم ہو جائے تو میرے لیے کیا آپشنز ہیں؟

اپنی آخری منظور شدہ درخواست پر آپ نے جو آمدنی بتائی ہے، اگر اس میں مستقل طور پر 20% یا اس سے زیادہ کمی ہو جائے، تو آپ ازسرنو تعین کی درخواست جمع کروا کر اپنے منجمد شدہ کرایہ کے ازسرنو تعین کے لیے درخواست دے سکتے/سکتی ہیں، جو کہ ہماری ویب سائٹ **nyc.gov/rentfreeze** پر دیکھی جا سکتی ہے۔ ازسرنو تعین کی درخواست کے ساتھ آپ کو اپنی موجودہ آمدنی کا ثبوت فراہم کرنا ہو گا۔ نوٹ: آمدنی میں کمی دائمی سمجھی جانی چاہیئے۔

17- اگر بینیفٹ کا بنیادی وصول کنندہ وفات پا جائے یا مستقل طور پر نرسنگ ہوم میں داخل ہو جائے، تو کیا ہو گا؟

اگر بینیفٹ کا بنیادی وصول کنندہ وفات پا جائے، مستقل طور پر نرسنگ ہوم میں داخل ہو جائے یا کسی اور وجہ سے مستقل طور اپارٹمنٹ خالی کر دے، تو گھرانے کا کوئی ایسا فرد جو کرایہ منجمد کرنے کے پروگرام کی اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہو، پچھلی کسی درخواست پر اس کا نام درج ہو، اور جسے حقوق وراثت عطا ہوئے ہوں، بینیفٹ کا وارث بننے کا اہل ہو سکتا ہے۔ بینیفٹ کا وارث بننے کی درخواست بینیفٹ کے بنیادی وصول کنندہ کی وفات یا اپارٹمنٹ مستقل طور پر چھوڑ دینے کے 6 مہینے کے اندر، یا شعبۂ مالیات کی جانب سے منسوخی کا نوٹس بھجوائے جانے کے 90 دن کے اندر، جو تاریخ بھی بعد میں ہو، داخل کی جانی چاہیئے۔

اگر آپ گھرانے کے باقی رہ جانے والے/والی فرد ہیں اور SCRIE یا DRIE کے لیے اہلیت کے تمام تقاضے پورے کرتے/کرتی ہیں، تو آپ کو مندرجہ ذیل دستاویزات لازمی طور پر جمع کروانی چاہیئں:

اپنے لیے: بینیفٹ کا وارث بننے کی درخواست اور
لیز/کرایہ داری کا معاہدہ جو آپ کو کرایہ دار یا شریک کرایہ دار دکھاتا ہو یا
آپ کی عمارت کی انتظامیہ کی جانب سے خط جس میں یہ بیان کیا گیا ہو کہ آپ کو اپارٹمنٹ کے حقوق وراثت حاصل ہیں یا
ایک عدالتی حکم جو آپ کو پارٹمنٹ کے حقوق وراثت عطا کرتا ہو

بینیفٹ کے بنیادی وصول کنندہ کے لیے: وفات کا سرٹیفیکیٹ فراہم کر کے اس بات کا ثبوت کہ بینیفٹ کا بنیادی وصول کنندہ وفات پا گیا ہے۔ بینیفٹ کے ایسے بنیادی وصول کنندہ کے لیے جو اپارٹمنٹ مستقل طور پر چھوڑ گیا ہو، ثبوت میں نرسنگ ہوم کی جانب سے خط، آپ کے مکان مالک یا انتظامی ایجنٹ کی جانب سے خط، یا وفاقی، ریاستی یا مقامی حکومت کا جاری کردہ ID جو نیا پتہ دکھاتا ہو، شامل ہو سکتا ہے۔

18- میں فارم کیسے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

تمام فارم ہماری ویب سائٹ **nyc.gov/rentfreeze** ملاحظہ کر کے ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔ فارم ہمارے واک ان سنٹر میں بھی دستیاب ہیں۔ آپ 311 پر کال کر کے فارم بذریعہ ڈاک حاصل کرنے کی درخواست بھی کر سکتے/سکتی ہیں۔

19- اگر مجھے اپنی لیز، ایندھن کی قیمت سے متعلق مسائل درپیش ہوں یا اگر مجھے اپنے قانونی کرایہ کی رقم پر اعتراض کرنا ہو، تو میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟

لیز سے متعلقہ سوالات کے لیے، کرایہ پر اعتراضات کے حل کے لیے، یا اگر مکان مالک نے آپ کو لیز فراہم نہیں کی تو اس کی شکایت درج کروانے کے لیے، کرایہ داران ڈویژن برائے ہاؤسنگ و کمیونٹی تجدید (DHCR) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ DHCR سے اس طرح رابطہ کیا جا سکتا ہے:

ذاتی طور پر: Gertz Plaza, 92-31 Union Hall Street, Jamaica, New York 11433
بذریعہ فون: 718-739-6400
بذریعہ ای میل: RentInfo@nyshcr.org

20- اگر میں تجدید کی کسی مدت کے لیے آمدنی کی اہلیت سے بڑھ جاؤں، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کا بینیفٹ ختم ہو گیا کیونکہ تجدید کی کسی مدت کے لیے آپ کے گھرانے کی سالانہ آمدنی $50,000 سے زیادہ ہے یا آپ کا کرایہ آپ کے گھرانے کی ماہانہ آمدنی کے تیسرے حصے سے کم ہے، تو آپ مستقبل میں اس پروگرام کے لیے دوبارہ درخواست دے سکتے/سکتی ہیں، اگر آپ سمجھتے/سمجھتی ہوں کہ آپ کوالیفائی کرتے/کرتی ہیں۔ اگر اگلے تقویمی سال کے دوران آپ کی آمدنی کم ہو جاتی ہے تو آپ اپنے پرانے منجمد شدہ کرایہ کی بحالی کے لیے کوالیفائی کر سکتے/سکتی ہیں (ستمبر 2016 سے مؤثر قانون سازی)۔ دوبارہ درخواست دینے کے لیے، براہ کرم اگلے تقویمی سال میں ابتدائی درخواست جمع کروائیں۔